پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

معیشت

ہر 5 میں سے 3 (60%) پاکستانی یہ رائے رکھتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح مزید بڑھ جائے گی۔

(گیلپ &گیلانی پاکستان اور ڈن اینڈ برڈاسٹریٹ کی جانب سے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس Q3 2022)،

(اسلام آباد)، 28 مارچ، 2023

گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ برڈاسٹریٹ کی جانب سے کیے گئے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 3 (60%) پاکستانی یہ رائے رکھتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح مزید بڑھ جائے گی۔

کنزیومر کنفیڈنس انڈکس Q3 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح میں کیا تبدیلی آئے گی؟"**۔اس سوال کے جواب میں 3% جوابدہندگان کے مطابق آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح بہت کم ہو جائے گی، 15% جوابدہندگان کے مطابق کم ہوجائے گی، 13% جوابدہندگان کے مطابق اتنی ہی رہے گی ، 32% جوابدہندگان کے مطابق بڑھ جائے گی ،جبکہ 28% جوابدہندگان کے مطابق اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح بہت بڑھ جائے گی، تاہم 9% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" آپ کے خیال میں آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح میں کیا تبدیلی آئے گی؟ "

پاکستان بھر سے



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

تقابلی جائزہ (Q2 2022 اور Q3 2022):

کنزیومر کنفیڈنس انڈکس کی تیسری سہ ماہی رپورٹ میں 60% جوابدہندگان نے یہ نمایاں طور پر بتایا کہ اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح مزید بڑھ جائے گی، یہ شرح دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 5% زیادہ رہی۔

تقابلی جائزہ(Q2 2022اور Q3 2022)



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com

پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے منعقد کیا اور ڈن اینڈ برڈ اسٹریٹ پاکستان کے تعاون سے اپنی کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس کی سہ ماہی رپورٹ میں جاری کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 2,068 مرد وخواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

کنزیومر اعتماد انڈیکس رپورٹ کے بارے میں:

صارفین کے رائے تبدیل ہوتی رہتی ہے اور اس کا اندازا اُن کے ذاتی مالی حالات کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پر ملک کی مالیاتی اور معاشی کارکردگی کے بارے اُن میں رائے سے لگایا جاتا ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی انڈیکس) عالمی سطح پر منظور شدہ ایک ایسا آلہ ہے جو کہ گھریلو اخراجات اور بچت کا تخمینہ لگانے کے ساتھ ساتھ ملک میں مجموعی معاشی سرگرمیوں کا اندازہ لگانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اِن معاملات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے ڈن اینڈ برڈ اور گیلپ نے کاروباری اداروں اور پالیسی بنانے والوں کے لئے سہ ماہی رپورٹ شائع کی ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی) حکومتوں، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں سمیت متعدد اسٹیک ہولڈرز کے لئے ایک قیمتی آلہ ہے، کیونکہ ان اعداد و شمار کی مدد سے اُنھیں صارفین کی رائے کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس حوالے سے بروقت فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے۔

سی سی آئی کی گزشتہ رپورٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، برائے مہربانی ڈی اینڈ بی پاکستان نالج کیپٹل کی ویب سائٹ یا گیلپ پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

Opinion Poll from Gallup Pakistan

The Pakistani Affiliate of Gallup International

GILANI RESEARCH FOUNDATION

Tuesday, March 28th, 2023

(2 Pages, Urdu version only)

Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.

Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.

If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.

Best Regards,
Gallup Pakistan

Disclaimer: *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

celebrating 43 years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)